This question paper consists of 42 questions [ Section–A (37) + Section–B (5+5) ] and 24 printed pages.

اس سوالنامے میں کل 42 سوالات [ حصہ (الف) میں (37) + حصہ (ب) میں (5+5) ] اور 24 چھپے اوراق ہیں۔

Roll No. | | | | | | | | | | | | | Code No. **67/SS/A/U**

رول نمبر                                                                                   کوڈ نمبر

**Set A**

# URDU

# (اُردو)

**(306)**

Day and Date of Examination ..............................

(امتحان کا دن اور تاریخ)

Signature of Invigilators 1. ..............................

(نگراں امتحان کے دستخط)

2. ..............................

***General Instructions*** **:**

1. Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.
2. Please check the Question Paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the Question Paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.
3. Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.
4. Write your Question Paper Code No. 67/SS/A/U, Set **A** on the Answer-Book.

ھدایات :

-1 طالب علم کو سوالنامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

-2 مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

-3 طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

-4 اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر 67/SS/A/U, Set **A** کو لکھئے۔

# URDU

# (اُردو)

**(306)**

Maximum Marks : 100
کل مارکس : 100

Time : 3 Hours
وقت : 3 گھنٹے

**نوٹ :** (i) یہ سوالنامہ مجموعی طور 42 پر سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے سامنے نمبر دیئے گئے ہیں۔

(iv) سوال نمبر **1** سے **18** تک ایک سے زائد انتخابی سوالات ہیں اور ہر سوال کے لئے 1 نمبر مختص کیا گیا ہے۔ آپ سب سے موزوں آپشن کو چن کر لکھئے۔ کچھ سوالات میں آپشنز بھی دیئے گئے ہیں ، آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہوگا۔

(v) سوال نمبر **19** سے **23** تک مختصر ترین (Objective-type) سوالات ہیں ، جن میں 3 نمبروں کے دو سوالات ، **5** نمبر کا ایک سوال ، **6** نمبر کا ایک سوال ، **10** نمبر کا ایک سوال ہے اور آپشنز بھی دیئے گئے ہیں۔ ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب دیجئے۔

(vi) سوال نمبر **24** سے **37** تک وضاحتی سوالات پوچھے گئے ہیں ، جن میں کچھ متبادل سوالات بھی شامل ہیں۔ دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سوالات کے صحیح جوابات دیجئے۔

(vii) سوال نمبر **38** سے **42** تک اختیاری (3A) اور (3B) اختیاری میں سے طالب علم کو ایک حصے کو چن کر سوالات کے جوابات دینا ہوں گے۔ اس اختیاری حصہ میں سوال نمبر **38** سے **41** تک مختصر ترین سوالات ہیں جبکہ سوال نمبر **42** وضاحتی سوال ہے۔

*Note* : (1) Answers of all questions are to be given in the Answer-Book given to you.

نوٹ : (1) تمام سوالات کے جوابات آپ کو دی گئی جوابی-کتاب میں دینے ہیں۔

(2) **15** minute time has been allotted to read this question paper. The question will be distributed at 02:15 pm. From 02:15 pm to 02:30 pm, the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

(2) اس سوالیہ پرچہ کو پڑھنے کے لئے **15** منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالیہ پرچہ 02:15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 02:15 بجے سے 02:30 بجے تک طلباء صرف سوالیہ پرچہ پڑھیں گے اور اس دوران جوابی-کتاب پر کوئی جواب نہیں لکھیں گے۔

## SECTION—A

## حصہ (الف)

صحیح جواب پر نشان لگایئے :

**1**۔ مرد بیگانہ کے معنی کیا ہیں؟ 1

(A) بہادر مرد

(B) جوان مرد

(C) اجنبی شخص

(D) ایماندار شخص

**2**۔ بادشاہ کی اجازت کے بغیر دربان آواز کے پیچھے کیوں نہیں گیا؟ 1

(A) وہ کام چور تھا

(B) وہ بزدل تھا

(C) دربان فرض شناس تھا

(D) دربان آواز پہچانتا تھا

**3**۔ منشی پریم چند کے کہانی کا رشتہ کس سے جوڑا ہے؟ 1

(A) نئی دنیا سے

(B) سائنس سے

(C) دیہات کی زندگی سے

(D) شہروں کی رونق سے

**[ یا ]**

’’ چچا چھکن نے تیمارداری کی‘‘ یہ کیا ہے؟

(A) ایک نظم

(B) ایک غزل

(C) ایک ڈرامہ

(D) ایک مثنوی

**4۔** سبق برج بانو کے مصنف کون ہیں؟ 1

(A) غالب

(B) چکبست

(C) سرسید احمد خاں

(D) کنھیا لال کپور

**5۔** لفظ ' بے نظیر ' کے معنی کیا ہیں؟ 1

(A) بے مثال

(B) بیحد خوبصورت

(C) بہت طویل

(D) بدصورت

**[ یا ]**

ہڈی چمڑا ہونے کا کیا مطلب ہے؟

(A) بہت بری طرح زخمی ہو جانا

(B) بہت دبلا اور کمزور ہو جانا

(C) ہڈیوں میں درد ہونا

(D) ہڈی ٹوٹ جانا

1

**6**۔ امتیاز علی تاج کون تھے؟

(A) اردو کے مشہور شاعر

(B) بڑے صحافی

(C) ماہر تعلیم

(D) اردو کے مشہور ڈرامہ نگار

[ یا ]

' لاحول ولا قوۃ ' اکثر ایسے موقعوں پر کہتے ہیں جب

(A) کسی سے بہت خوش ہوتے ہیں

(B) کسی کی تعریف کرنی مقصود ہوتی ہے

(C) کسی بات پر نفرت اور حقارت کا اظہار کرنا ہوتا ہے

(D) کسی کے لئے دعا کرنی ہوتی ہے

**7**۔ خوابیدہ کے معنی ہیں

(A) حسین خواب

(B) سوئے ہوئے

(C) جھوٹے خواب دکھانا

1 (D) لمبی رات

1 **8.** تلمیح کسے کہتے ہیں؟

(A) جس میں کسی مشہور واقعہ یا شخصیت کا بیان ہو

(B) جس میں خوبصورت منظرکشی کی گئی ہو

(C) جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو

(D) جس میں جنگ کا بیان ہو

1 **9.** سبق ' امید کی خوشی ' کے مصنف کون ہیں؟

(A) مرزا غالب

(B) سرسید احمد خاں

(C) کنہیا لال کپور

(D) کرشن چندر

1 **10.** راہیٔ ملک عدم ہو جانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(A) اپنے اپنے گھر چلے جانا

(B) ختم ہو جانا

(C) دوسرے ملک میں چلے جانا

(D) مشکل سفر پر چلے جانا

**11۔** محبوب کے روٹھنے پر عاشق کیا کرتا تھا؟ 1

(A) محبوب کو مناتا تھا

(B) خود بھی روٹھ جاتا تھا

(C) محبوب کو برا بھلا کہتا تھا

(D) درج بالا میں سے کچھ بھی نہیں کرتا تھا

**[ یا ]**

' اس کے مردانہ جوش میں طوفان اٹھ کھڑا ہوا ' سے کیا مراد ہے؟

(A) چڑیا کی من مانی پر چڑے کو غصہ آ گیا

(B) احساس برتری سے چڑا غصہ میں بھر گیا

(C) چڑا غصہ کے مارے دیوانہ ہو گیا

(D) چڑا بالکل خاموش ہو گیا

**12۔** مقطع غزل کے کس شعر کو کہتے ہیں؟ 1

(A) غزل کے سب سے خوبصورت شعر کو

(B) غزل کے پہلے شعر کو

(C) غزل کے آخری شعر کو

(D) غزل کے اس شعر کو جس میں تخلص کا استعمال کیا جائے

1 **13۔** فیچر پڑھ کر لطف حاصل ہوتا ہے کیونکہ

(A) یہ ہلکے پھلکے انداز میں لکھا جاتا ہے

(B) یہ بہت معلوماتی ہوتا ہے

(C) اس کی زبان بہت مشکل ہوتی ہے

(D) یہ مضمون سے الگ ہوتا ہے

[ یا ]

' ہلکی ہلکی پھوار' کو شاعر نے کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

(A) ہوا کے چلنے سے

(B) رونے سے

(C) ہنسنے سے

(D) گانے سے

1 **14۔** ' مس چڑیا کی کہانی ' کس نے لکھی ہے؟

(A) کرشن چندر

(B) پریم چند

(C) خواجہ حسین نظامی

(D) سرسید احمد خاں

1 ‏15۔ ماگھ پوس کی رات کس کو کہتے ہیں؟

(A) اندھیری رات

(B) کڑاکے کی سرد رات

(C) چاندنی رات

(D) برسات کی رات

1 ‏16۔ قرض کی ادائیگی نے کسے بے چین کر رکھا تھا؟

(A) ہلکو کو

(B) جبرا کو

(C) منی کو

(D) بھولا کو

[ یا ]

برج بانو کون ہے؟

(A) کوئی عورت

(B) ایک کتاب کا نام

(C) اردو کی شاعری

(D) اردو زبان

17۔ مرزا اسلام علی دبیرؔ

(A) اردو کے مشہور افسانہ نگار ہیں

(B) ڈرامہ نگار ہیں

(C) غزل کے مشہور شاعر ہیں

(D) مرثیے کے مشہور شاعر ہیں 1

18۔ ' زمین تنگ ہونا ' کے کیا معنی ہیں؟ 1

(A) زمین سکڑ جانا

(B) جینا دشوار ہو جانا

(C) گھر بہت بڑا بنا لینا

(D) گھر میں بہت افراد کا رہنا

[ یا ]

ہلکو کے کھیت کے برباد ہونے کی وجہ کیا ہے؟

(A) لاپرواہی

(B) بہت سردی

(C) کتا

(D) نیل گائے

**19۔** درج ذیل مختصر سوالات (Objective-type) کا جواب ایک لائن میں دیجئے (کوئی تین) : 1×3=3

'' الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا

دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا ''

(a) درج بالا شعر کس شاعر کی غزل کا ہے؟

(b) اس شعر میں ' دیکھا ' سے کیا مراد ہے؟

(c) پہلے مصرعہ میں کس چیز کے الٹ جانے کا ذکر ہے؟

(d) 'کام تمام کیا ' محاورے کا مطلب کیا ہے؟

(e) غزل کے اس شعر کو کیا کہتے ہیں؟

**20۔** درج ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جواب دیجئے : 1×3=3

'' یہ نہ تھی ہماری قسمت کی وصالِ یار ہوتا

اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا ''

(a) درج بالا شعر کس کی غزل کا ہے؟

(b) شاعر کس کی قسمت کی بات کر رہا ہے؟

(c) وصال کے معنی لکھئے۔

(d) شاعر کو کس بات کا انتظار ہے؟

**21۔** درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب لکھئے : 1×5=5

(a) قصیدہ صنف کا زوال کیوں ہوا؟

(b) مرثیہ کی تعریف لکھئے۔

(c) غالب کا کوئی شعر لکھئے۔

(d) مومن کا خاص میدان کیا ہے؟

(e) غالب کا پورا نام لکھئے۔

(f) تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

(g) تشبیہ اور استعارے میں کیا فرق ہے؟

(h) چوپٹ ہو جانے کا کیا مطلب ہے؟

(i) نئی تہذیب سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

**22۔** درج ذیل سوالات میں سے کسی دس کے جواب لکھئے : 1×10=10

(a) غزل کے لغوی معنی لکھئے۔

(b) آپ کے نصاب میں منشی پریم چند کا کون سا افسانہ شامل ہے؟ اس کا نام لکھئے۔

(c) 'چپ شاہ کا روزہ رکھنا' اس کے کیا معنی ہیں؟

(d) سرخیاں کسے کہتے ہیں؟

(e) ' اُڑتی چڑیا کے پرَ گننا ' کیا ہے— محاورہ یا کہاوت؟

(f) بچوں کو اچھا انسان بنانے کی ذمہ داری کس کی ہوتی ہے؟

(g) میر تقی میر کا کوئی شعر لکھئے۔

(h) مبالغہ شاعری میں کیوں استعمال ہوتا ہے؟

(i) ' آزاد' اور ' اسیر' متضاد الفاظ ہیں—ان سے کون سی صفت بنتی ہے؟ صفت کی تعریف لکھئے۔

(j) 'امید کی خوشی' کے مصنف کا پورا نام لکھئے۔

(k) ' نئی تہذیب ہوگی ، نئے سامان وبہم ہوں گے' اکبر الہ آبادی نے کن باتوں کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(l) امتیاز علی تاج کی مشہور ڈرامہ کا نام بتائیے۔

(m) حسرت کا پورا نام بتائیے۔

(n) ' چاند تاروں کا بن' نظم کے شاعر کا پورا نام مع تخلص کے لکھئے۔

(o) غالب شروع میں کیا تخلص کرتے تھے؟

**23**۔ مندرجہ ذیل شعر کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے : 6

پہنچے قریب فوج تو گھبرا کے رہ گئے
چاہا کریں سوال پہ شرما کے رہ گئے
غربت سے رنگ فق ہوا تھرا کے رہ گئے
چادر پر کے چہرے سے سرکا کے رہ گئے

**24**۔ قصیدے کی تعریف بیان کرتے ہوئے اجزائے ترکیبی مع مثال لکھئے۔ 6

**[ یا ]**

مرثیہ کی تعریف لکھئے اور اجزائے ترکیبی کے بھی لکھئے۔

**25**۔ مرزا غالب یا سودا کے حالات زندگی اور کلام پر روشنی ڈالئے۔ 4

**26**۔ سرسید احمد خاں کی سوانح حیات پر روشنی ڈالئے۔ 4

**[ یا ]**

پریم چند کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھئے۔

**27۔** نظم ” نئی تہذیب“ کا مرکزی خیال لکھئے۔ 4

**[ یا ]**

نظم ” چاند تاروں کا بن“ کا خلاصہ لکھئے۔

**28۔** میر تقی میر کو درد و غم کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے ، کیوں؟ 4

**[ یا ]**

میر تقی میر کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

**29۔** حیدر بخش حیدری کی تاریخ پیدائش اور وطن کا نام لکھئے۔ 2

**[ یا ]**

خواجہ حسن نظامی کی تحریر کے بارے میں نوٹ لکھئے۔

**30۔** یک نہ شد دو شد کے معنی لکھ کر جملے میں استعمال کیجئے۔ 2

**31۔** ’ بھولا ‘ افسانے کے مصنف کے اسلوب پر روشنی ڈالئے۔ 2

**[ یا ]**

درج ذیل الفاظوں کے معنی لکھئے :

*(a)* جازم *(b)* واردات *(c)* استقلال *(d)* شقق

۔32 ' گردشِ چرخ ' کا مطلب بتائیے اور جملے میں استعمال کیجیے۔ 2

[ یا ]

' خوش الحان' کا مطلب بتائیے اور جملے میں استعمال کیجیے۔

۔33 ''دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا'' اس مصرعہ میں ' کام تمام' ہونے سے کیا مطلب ہے؟ 2

[ یا ]

درج ذیل شعر مکمل کیجیے :

یہ مسائل تصوف یہی تیرا بیاں غالب

---

۔34 درج ذیل شعر کی تشریح کیجیے : 2

تیرے وعدے پر جیئے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا

کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

[ یا ]

کنایہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔

35۔ بھولا آدھی رات کو کہاں چلا گیا تھا؟ 2

[ یا ]

قصیدہ میں شاعر ممدوح کی کن کن خوبیوں کو بتاتا ہے؟

36۔ قطع اور رباعی میں فرق لکھئے۔ 2

[ یا ]

اختر انصاری ایک مشہور قطعہ گو شاعر ہیں ، نوٹ لکھئے۔

37۔ صفت تکرار کی تعریف مع مثال لکھئے۔ 2

[ یا ]

نظم " چاند تاروں کا بن" کی دو خصوصیات لکھئے۔

## SECTION—B

حصہ ( ب )

OPTION—I

اختیاری — I

38۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب لکھئے :

(a) اخبار یا رسائل کی پالیسی سے کیا مراد ہے؟ 1

(b) اداریہ کسے کہتے ہیں؟ 1

1 (c) معروضی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

1 (d) سرخی کسے کہتے ہیں؟

1 (e) اداریہ لکھنے سے پہلے کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے؟

1 (f) مفتوں کے استاد کون تھے؟

1 (g) خودنوشت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

1 (h) اداریہ لکھنے کا اہم مقصد کیا ہوتا ہے؟

1 (i) مستند کے کیا معنی ہیں؟ جملہ بنائیے۔

**39**۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے کسی چار کے جواب لکھئے :

1 (a) صحافت ایک معزز اور باثر پیشہ ہے۔ مدلل طور پر اپنے خیالات لکھئے۔

1 (b) اخبارات اور رسائل میں سرخیوں کی کیا اہمیت ہے؟

1 (c) رپورٹ کتنے قسم کی ہوتی ہیں؟

1 (d) صحافی کو تاریخ کا مستند گواہ کیوں کہا گیا ہے؟

(e) رپورٹ کی زبان کیسی ہونی چاہیے؟ 1

(f) اداریہ کی سرخی کیسی ہونا چاہیے؟ 1

**ہدایت :** (سوال نمبر **40** اور **41**) ذیل میں ایک سوال کے چار جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھئے :

**40۔** صحافت کس طرح کا پیشہ ہے؟ 1

(A) صحافت بیکار پیشہ ہے

(B) صحافت میں کسی طرح کی عزت نہیں ہے

(C) صحافت ایک معزز اور بااثر پیشہ ہے

(D) صحافت میں بہت پیسہ ہے

**41۔** صحافت کا پہلا اصول ہے 1

(A) بے ایمانی اور جھوٹ

(B) لگن ، شوق اور مستقل مزاجی

(C) غیر مستقل مزاجی اور بے دلی

(D) اوپر میں سے کوئی نہیں

[ یا ]

رپورٹ کی سب سے بڑی خوبی ہے

(A) طوالت

(B) مصروفیت

(C) اختصار

(D) موضوعی

**42**۔ جناب دیوان سنگھ مفتوں پر نوٹ لکھئے۔ 4

OPTION—II

اختیاری—II

**38**۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب لکھئے :

(*a*) خبر کسے کہتے ہیں؟ 1

(*b*) انٹرویو کسے کہتے ہیں؟ 1

(*c*) فیچر کسے کہتے ہیں؟ 1

(*d*) میڈیا کے معنی کیا ہیں؟ 1

(e) شخصی انٹرویو سے کیا مراد ہے؟ 1

(f) خبر کی جمع کیا ہے؟ 1

(g) خبر تیار کرتے وقت نہایت ضروری بات کو کہاں لکھا جاتا ہے؟ 1

(h) خبر تیار کرتے وقت 'ک' سے شروع ہونے والے کتنے سوالوں پر توجہ دی جاتی ہے؟ 1

(i) ماحولیاتی پروگرام کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(j) دھماکہ خیز خبریں کون سی ہوتی ہیں؟ مثال دیجئے۔ 1

**39**۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے کسی چار کے جواب لکھئے :

(a) خبر تیار کرنے میں نتیجے والی بات کہاں لکھی جاتی ہے؟ 1

(b) انٹرویو لیتے وقت کس بات کا خاص دھیان رکھنا چاہئے؟ 1

(c) آج کے دور میں خبر کی کیا اہمیت ہے؟ 1

(d) خبروں کی ایجنسی یو۔ این۔ آئی کا پورا نام لکھئے۔ 1

(e) فیچر پڑھ کر کیا ہوتا ہے؟ 1

(f) فیچر اخبار میں کس جگہ پر ہوتا ہے؟ 1

(g) خبریں کس سے بنتی ہیں؟ 1

**ہدایت :** (سوال نمبر **40** اور **41**) ذیل میں ایک سوال کے چار جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھئے :

**40۔** سب سے پرانی اور قابل بھروسہ خبررساں ایجنسی کون سی ہے؟ 1

(A) پرچار بھارتی

(B) کمپالا نیوس سروس

(C) یو۔ این۔ آئی

(D) روئیٹر

[ یا ]

فیچر پڑھ کر لطف حاصل ہوتا ہے کیونکہ

(A) یہ زبان شکل ہوتی ہے

(B) اس کی زبان آسان ہوتی ہے

(C) یہ مضمون سے الگ ہوتی ہے

(D) یہ ہلکے پھلکے انداز میں لکھی جاتی ہے

1 ‘فیچر’ اخبار میں **41۔**

(A) آخری صفحہ پر ہوتا ہے

(B) درمیان میں ہوتا ہے

(C) نمایاں جگہ دی جاتی ہے

(D) پہلے صفحہ پر ہوتا ہے

[ یا ]

غیر طے شدہ خبروں کو جمع کرنے کے لئے کن کی ضرورت ہوتی ہے؟

(A) اَن پَڑھ لوگوں کی

(B) سست رپورٹروں کی

(C) تجربہ کار اور پھرتیلے نامہ نگاروں کی

(D) دفتر میں کام کرنے والوں کی

4 فیچر لکھنا مضمون نگاری سے کس طرح الگ ہے، تفصیل سے بیان کیجئے۔ **42۔**

★★★